# 23-11-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱)وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ عوامی حکمرانی کے جشن کی تقاریب کے حصہ کے طور پر ریٔنتو سدسو کا اہتمام کیا جائے۔

۲)قومی انسانی حقوق کمیشن کی تین رکنی ٹیم نے آج وقار آباد ضلع کے لگا چرلہ گاؤں کا دورہ کیا اور حالیہ تشدد کے واقعات کی تحقیقات کا آغاز کیا۔

۳)مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے راجنا سرسلہ ضلع کے کمبھی راؤ پیٹ میں مختلف ترقیاتی پراجکٹس کا افتتاح کیا۔

اور

۴)وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ و تلنگانہ بی جے پی کے صدر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات کے نتائج عوام کی جانب سے تقسیم کی سیاست کو مسترد کرنے کا ثبوت ہے۔ انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے کانگریس کی جھوٹی مہم کے باوجود این ڈی اے اتحاد اور نریندر مودی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹرا اور گجرات ریاستوں کی تقسیم کے بعد پہلی مرتبہ عوام نے کسی سیاسی پارٹی یا اتحاد کو بھاری اکثریت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاراشٹرا کے عوام نے ذات اور مذہب کی بنیاد پر عوام کو تقسیم کرنے کانگریس پارٹی کی کوششوں کو شکست دی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مہاراشٹرا اور جھارکھنڈ میں بی جے پی کے ووٹوں اور نشستوں میں بتدریج بہتری آئی ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 116 واں اپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر امور نوجوانان و کھیل کود ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے یوم دستور کی یاد میں نئی دہلی میں پدیاترا کی قیادت کریں گے۔ ''میرا اسمویدھان، میرا سوابھیمان'' کے موضوع پر یہ پدیاترا ہندوستانی دستور کی منظوری کا جشن منائے گی۔ پدیاترا کا مقصد دستوری اقدار کو فروغ دینا اور نوجوانوں میں دستور کے اصولوں اور تمہید کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ مرکزی وزرا، ارکانِ پارلیمنٹ اور دیگر اہم شخصیات توقع ہے کہ اس پدیاترا میں حصہ لیں گے۔ مختلف تنظیموں بشمول ایم وائی بھارت والینٹرس، نہرو کیندر سنگھٹن، این ایس ایس، این سی سی اور بھارت اسکاوٹس اینڈ گائیڈس کے تقریباً 10 ہزار نوجوان توقع ہے کہ اس میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے حیدرآباد کی چرلہ پلی جیل میں سابق رکن اسمبلی پی مہندر ریڈی سے ملاقات کی، جہاں وہ محروس ہیں۔ کلکٹر وقار آباد پر حملہ کے معاملہ میں انہیں مجرم بنایا گیا ہے۔ بعد ازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کے تارک راما راؤ نے جانبدارانہ ایجنڈہ کے ذریعہ نریندر ریڈی کو حراست میں لینے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام لگایا۔ انہوں نے قید سے ابھرنے کی نریندر ریڈی کی صلاحیت کی ستائش کی۔

انہوں نے کہا کہ نریندرریڈی اس غلطی کی قیمت چکارہے ہیں جوانہوں نے کی ہی نہیں۔تارک راماراؤ نے کہا کہ ملاقات کے دوران انہوں نے ان کے عزم اور بے غرضی کی ستائش کی۔انہوں نے کوڑنگل میں انارکی پھیلانے اور ریونت ریڈی پر الزام لگایا۔ انہوں نے دلتوں، قبائل اور بہوجن طبقات کی اراضیات پر قبضوں اور ہراسانی کے واقعات کا حوالہ دیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ فارماسوٹیکل ولیجس بنانے کے نام پر غریب کسانوں کی اراضیات ضبط کی جارہی ہیں اور بے گناہ افراد کو جیلوں میں ڈالا جارہا ہے۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے راجنا سرسلہ ضلع کے گمبھی راؤپیٹ میں مختلف ترقیاتی پراجکٹس کا افتتاح کیا۔ان پراجکٹس میں لنگنا پیٹ کا کورٹلہ پیٹ15 کروڑروپے کے صرفہ سے نئے سڑک کی تعمیر اور مرکز کے 8.30 کروڑروپے سے گمبھی راؤپیٹ کوملاریڈی پیٹ سے جوڑنے والا پل بھی شامل ہے۔ اس موقع پر بنڈی سنجے نے تلنگانہ کی ترقی کے لئے مرکزی حکومت کی مسلسل مدد کو اجاگر کیا۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پیشروبی آرایس حکومت اور موجودہ کانگریس زیرقیادت ریاستی حکومت فنڈس کا غلط استعمال کرتے ہوئے ترقی میں سیاسی رکاوٹیں پیدا کررہی ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت حکمرانی پر سیاست کو ترجیح دیتے ہوئے بی آرایس کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں پر زوردیا کہ وہ اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ریاست کی بہبود پر توجہ مرکوز کریں۔

☆☆☆

شہرحیدرآباد میں جاریہ سال حالتِ نشہ میں گاڑی چلاتے ہوئے تقریباً 52,080افراد پکڑے گئے اوران کے خلاف معاملہ درج کیا گیا۔پولیس کے مطابق گزشتہ تین مہینوں کے دوران کم وبیش 824افراد کوایک تا10 دن سزا سنائی گئی۔ 227افراد کودودن تک سماجی خدمت کی سزا سنائی گئی۔ 99 افراد کے ڈرائیونگ لائسنس عدالتوں کے احکام پرآرٹی اے نے 2 تا6ماہ معطل کردئے ہیں۔عدالتوں نے اس عرصہ کے دوران تمام طرح کی خلاف ورزیوں پر2.80 کروڑروپے کا جرمانہ عائد کیا۔

☆☆☆

شہرمیں حالیہ دنوں کے دوران مذہبی مقامات کی بے حرمتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظرحیدرآباد پولیس نے سکندرآباد اوراطراف کے علاقوں کی منادر کے 350نمائندوں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔ڈی سی پی نارتھ زون رشمی پیرومل نے اس کی صدارت کی۔انہوں نے منادر کی بالخصوص حالیہ واقعات کے پیش نظرتہواروں کے دوران تحفظ اور تقدس کی برقراری کے لئے سرگرم اقدامات کی اہمیت کواجاگر کیا۔ انہوں نے عہدیداروں سے خواہش کی کہ مذہبی مقامات پرسیکوریٹی اقدامات میں اضافہ کریں۔ان میں سی سی ٹی وی کوریج بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان میں30 تا45دن کا بیک اَپ ہونا چاہئے۔انہوں نے منادر کے اندراور باہرمناسب روشنی کی ضرورت پربھی زوردیا۔

☆☆☆

قومی انسانی حقوق کمیشن کی تین رکنی ٹیم نے آج وقارآباد ضلع کے لگاچرلہ گاؤں کا دورہ کیا اور حالیہ تشدد کے واقعات کی تحقیقات کا آغاز کیا۔ٹیم کے ارکان نے روٹی بنڈا تانڈا کے رہنے والوں سے تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے لگاچرلہ کا بھی دورہ کیا اور مقامی افراد سے بات چیت کی۔قومی انسانی حقوق کمیشن نے مناسب طریقہ کارپرعمل کئے بغیرریاستی حکومت کی جانب سے فارماولیج پراجکٹ کے لئے حصول اراضی کے خلاف احتجاج کے بعد لگاچرلہ کے دیہاتیوں کوجھوٹے مقدمات میں ماخوذ کرنے، مبینہ طور پر ہراساں کرنے اوراذیتیں دینے کی شکایت کا جائزہ لیا۔ واضح رہے کہ قومی

انسانی حقوق کمیشن کے ارکان نے قبائلی کسانوں، خواتین اور دیگر سے بھی بات چیت کی۔ قومی انسانی حقوق کمیشن نے چیف سکریٹری شانتی کمار، ڈی جی پی جتیندر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کسانوں اور خواتین پر مبینہ مظالم کے واقعات پر اندرون دو ہفتہ تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی۔

☆☆☆

مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی کی شکست پر بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے کہا کہ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی کی شکست سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہندوستانی سیاست میں علاقائی جماعتوں کا مستقبل ہوگا جو بی جے پی کو مقابلہ دیں گی۔ انہوں نے ایکس پر ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس پارٹی علاقائی جماعتوں کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ وہ بی جے پی کی سخت مخالف بننے میں نا کام ہوگئی ہے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ عوامی حکمرانی کے جشن کی تقاریب کے حصہ کے طور پر رعیتو سدسو کا اہتمام کیا جائے۔ کسانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے اس ماہ کی 30 تاریخ کو محبوب نگر ضلع میں یہ پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسٹالس لگاتے ہوئے اس ماہ کی 28 تاریخ سے تین دنوں کے لئے یہ اجلاس منعقد کئے جائیں۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ مناسب انتظامات کئے جائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ریاست کے تمام کسان اس میں حصہ لیں۔ زراعت، باغبانی اور افزائش مویشیاں جیسے محکمہ جات کے اسٹالس یہاں لگائے جائیں گے۔ ان اسٹالس میں کسانوں کو عصری زراعت کے طریقوں اور زراعت کے شعبہ میں اختیار کی جانے والی نئی ٹکنالوجیز کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔